سوال

(213)میاں بیوی مسلمان ہوجائیں توکیا وہ دوبارہ نکاح کریں گے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب خاوند اور بیوی دونوں اسلام قبول کرلیں توکیا ان کا دوبارہ نکاح کرنا واجب ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ :

کفار کا نکاح صحیح ہے اور جب وہ مسلمان ہوجائیں تو وہ اسی نکاح پر رہیں گے ان کے عقد نکاح کی صفت اور کیفیت کو نہیں دیکھا جائے گا اور نہ ہی ان کے نکاح کے لیے مسلمانوں کے نکاح کی شرائط کا اعتبار ہوگا مثلاً اس کے لیے بھی ولی گواہ ، اور ایجاب وقبول وغیرہ کا ثبوت (ضروری نہیں) اس مسئلے میں مسلمانوں کا کسی بھی قسم کا اختلاف نہیں۔

امام ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ :

علماء کا اس پر اجماع ہے کہ جب خاوند اور بیوی دونوں ایک وقت میں کھٹے مسلمان ہوجائیں تو وہ اپنے نکاح پر ہی رہیں گے جب تک ان میں کسی نسب اور رضاعت کی ممانعت نہ ہو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں بہت ساری خلقت مسلمان ہوئی اور ان کی عورتیں بھی مسلمان ہوگئیں اور انہیں ان کے نکاح پر قائم رکھا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ان کے نکاح کی شروط کے بارے میں سوال بھی نہیں کیا اور یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو تواتر کے ساتھ ثابت ہے۔ (واللہ اعلم) (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص277

محدث فتویٰ